04/01/2026

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مسرت شاہ سے خبریں سُنئے

اسمبلی

جموںو کشمیر اسمبلی کا آئندہ اجلاس2فروری کو طلب کیا گیا ہے۔ اسمبلی کے سیکریٹری منوج کمار پنڈت کی طرف سے جا ری کر دہ ایک حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموںو کشمیر تنظم نو ایکٹ2019 کی دفعہ18(1) کے تحت حاصل اختیارات کا استعمال کر تے ہوئے اسمبلی کے سبھی ارکان سے کہا ہے کہ وہ2فروری کو صبح10بجے اسمبلی کمپلیکس جموں میں حاضر ہو جائیں۔

اجلاس کے پہلے روز لیفٹنٹ گورنر کا خطاب ہو گا۔

LG

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے لوک بھون جموںمیں خواہش گپتا پروڈکشنز کی تیار کردہ منشیات کے نشے کے خلاف آگاہی فلم ” دی لاسٹ ڈوز “ کا پوسٹر جاری کیا ہےلفٹینٹ گورنر نے پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کی اور ان کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

خواہش گپتا پروڈکشنز کی بانی خواہش گپتا اور فلم کے پروڈیوسرس پریا گپتا اور شیو دیپ گپتا دیگرٹیم ممبران کے ہمراہ نقاب کشائی کی تقریب میں موجود تھے۔

جا وید ڈار

زراعت ، دیہی ترقی اور پنچائتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈارنے زرعی مارکیٹنگ کے بنیادی ڈھانچے کومضبوط بنانے کیلئے حکومت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جدید ، شفاف اور موثر مارکیٹ نظام کسانوں اور تاجروں، دونوں کیلئے بہت فائدہ مند ثابت ہوں گے۔

ڈاک بنگلہ بارہمولہ میں منعقدہ ایک اجلاس کے دوران انہوننے سوپور فروٹ منڈی کی موجودہ صورتحال اور مستقبل کے ترقیاتی منظر نامے کا جائیزہ لیا۔

جا وید رانا

جل شکتی ، جنگلات و ماحولیات اور قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ باہو قلعہ کو جموں میں ایک بڑے مذہبی سیاحتی کے مقام کے طور پر ترقی دینے کیلئے توجہ مرکوز کی جارہی ہے جبکہ اس کی ثقافتی ، تاریخی اور مذہبی وراثت کو محفوظ رکھا جائے گا۔

ان باتو ں کا اظہار وزیر موصوف نے باہو قلعہ اور کالی ماں مندر کے تفصیلی دورے کے دوران کیا جہاں انہوں نے صحت و صفائی اورپینے کے پانی کی فراہمی سے متعلق امورکا جائیزہ لیا۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر ،سماج سے رشوت خوری کی بدعت کا خاتمہ کرنے اور راشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔

خاص طور سے اراضی کے گھوٹالوں کے معاملات میں ملوث افراد کے خلاف موثر ACB جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک کے الفاظACB کارروائی کر رہا ہے۔

کمیٹی

جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کی تخمینوں سے متعلق کمیٹی نے ضلع پلوامہ کے سیمپورہ ، پامپور اور لاسی پورہ کے علاقوں کا دورہ کرکے وہاں زیر تکمیل مختلف صنعتی مراکزکے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

کمیٹی کی قیادت ایڈوکیٹ شمیمہ فردوس اور ایم ایل اے راج پورہ غلام محی الدین میر کر رہے تھے۔ وفد نے کار خانہ دارونکے ساتھ بات چیت کر کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی، بجلی کی فراہمی، سڑک رابطے اور دیگر ضروری صنعتی سہولیات سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔

KPDCL

بمنہ میں محکمے کے فیلڈ IT&C کشمیر پاور ڈسٹریبیوشن کارپوریشن لمیٹیڈ کی طرف سے ملازمین کو سیفٹی کے مختلف آلات فراہم کرنے کا ایک پروگرام منعقد کیا گیا۔

محکمے نے کہا ہے کہ یہ پروگرام بجلی کے تقسیم کا ری نیٹ ورک اور ترسیلی نظام کے رکھ رکھاؤ میں کام کرنے والے فیلڈ عملے کی سلامتی کو یقینی بنانے کی کوششوں کی ایک کڑی تھا۔

اس موقعے پر کارپوریشن کے منیجنگ ڈائریکٹر محمود احمد شاہ برقی روکی تنصیبات میں کام کر تے ہوئے ہر قسم کے سیفٹی ضوابط پر عمل پیرا رہنے کی ضرورت اُجاگر کی۔

ترقی

جموںو کشمیرآرمڈ پولیس کے 866کانسٹیبلوں کو سلیکشن گریڈ کے عہدے پر ترقی دی گئی آرمڈ آنند جین نے ترقی پانے والے کانسٹبلیوں اور ان کے اہل خانہ کو مبارک باد پیش ADGہے۔ کی ہے۔

انہوں نے ترقی پانے والے اہلکاروں کو زیادہ لگن ،پیشہ وارانہ مہارت اوردیانت داری کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام د ینے کی تاکید کی۔

Winter

وادی مینموسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ گوکہ گرمائش کے آلات کا استعمال نا گزیر بن جا تا ہے، تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کا استعمال انتہائی احتیاط کے ساتھ کیاجائے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 3 اعشاریہ2 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت10 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ